جسٹس ایس۔اے۔رحمٰن مرحوم

غزل

تری راہیں مجھ سے گریزاں گریزاں
مری آرزوئیں پشیماں پشیماں

رہی آگے آگے امیدوں کی خوشبو
چلا پیچھے پیچھے میں افتاں وخیزاں

نظر کھوج میں بے نشاں منزلوں کی
خیالوں کی دنیا، بہاراں بہاراں

طلسم آفریں ہے تصوّر کا ساحر
کہیں ناز خنداں، کہیں رنگ رقصاں

تری جستجو زندگی میرے دل کی
کِھلی ہیں نظر میں تبسّم کی کلیاں

سفر میں ہے راہی، سفر میں ہے منزل
افق پار تاباں ہیں انوارِ جاناں

نہ سنگی نہ ساتھی نہ توشے کی تسکیں
نصیحت فروشاں سرِ راہ ارزاں

عجب دل کے ساغر کی کیفیتیں ہیں
بہ لب خندہ، طوفانِ گریہ بداماں

چل اے دل، نہیں شوق کا کوئی ساحل
قدم پر قدم، رم ہے خوئے غزالاں

سرابوں کا صحرا بھی کچھ ہے مصرف
نظر سے نہ ہوں بدگماں تشنہ کاماں

شبِ تار ہے بے نواؤں کا پردہ
سروں پر ہے لطفِ سحر گوہر افشاں

کہیں تو پہنچ جائے گی خاک اڑ کر
نہ تندی پہ اترائیں کم ظرف طوفاں

یہ دل کی ہے مشکل، خلش ہے تو دل ہے
مَیں راضی ہوں، مشکل نہ ہو میری آساں

ہم اس کی جھلک دیکھ پائیں نہ پائیں
مہکتا رہے نت شبستانِ خوباں!